National Business Development Program for SMEs

NBDP

SMEDA

# نئے شروع کئے گئے
# کاروبار کے لئے گرانٹ

## سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) حکومت پاکستان کا ایک خود مختار ادارہ ہے جسے ملک میں ایس ایم ایز (چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار) کے فروغ کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ ایس ایم ایز کی مدد کیلئے سمیڈا نے پاکستان بھر میں نیشنل بزنس ڈویلپمنٹ پروگرام (این بی ڈی پی) متعارف کروایا ہے جس کے تحت چھوٹے اور درمیانے کاروبار کو مختلف اقسام کی گرانٹس سمیت متعدد خدمات اور سہولیات دی جا رہی ہیں۔

## گرانٹ کی تفصیل

نئے شروع کئے گئے کاروبار کے لئے گرانٹ کا مقصد کاروباری افراد کو اپنے کاروبار کے سرمایہ اور/یا آپریٹنگ ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مالی مدد فراہم کرنا ہے۔ گرانٹ کی رقم کاروبار سے متعلق سامان، خدمات یا سافٹ ویئر کے حصول کے لئے استعمال کی جا سکتی ہے۔





### زیادہ سے زیادہ گرانٹ کا حجم

**500,000**

یا کل لاگت سامان/خدمات کا 80 فیصد



# اہلیت کا معیار

**قومیت:**

درخواست گزار کا درست CNIC رکھنے والا پاکستانی شہری ہونا لازم ہے۔

**کاروبار کا حجم:**

کاروبار کی کم از کم سرمایہ کاری گرانٹ ویلیو (Grant Value) سے کم نہیں ہونی چاہیے اور اس کی زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری پانچ ملین (پچاس لاکھ) روپے سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ اس میں زمین اور عمارت میں کی جانے والی سرمایہ کاری شامل نہیں ہے لیکن اس میں دیگر اشیا جیسے مشینری، سامان اور سٹاک وغیرہ میں کی گئی سرمایہ کاری شامل ہے۔

**کاروباری ملکیت:**

درخواست گزار کے لئے کاروبار کا مالک یا حصہ دار ہونا ضروری ہے۔

**کاروبار کی اقسام:**

مینوفیکچرنگ، سروسز/ٹریڈنگ اور مائننگ (کان کنی) سیکٹر سے متعلقہ کاروبار

لائیو سٹاک یا زرعی فارم سے متعلقہ کاروبار اس گرانٹ کے تحت درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔ تاہم، بلوچستان کے لائیو سٹاک فارمنگ (گلہ بانی) سے متعلقہ کاروبار گرانٹ کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

**سول پروپرائٹر (Sole Proprietor) کے لئے رجسٹریشن کی ضرورت :**

- درخواست گزار کے پاس کاروبار کا NTN ہونا ضروری ہے۔
- کاروبار کی متعلقہ سرکاری محکمہ میں رجسٹریشن ہونا ضروری ہے۔
- کاروبار کی عمر ایک سال سے زیادہ نہ ہو، کاروبار کی عمر کا تعین درخواست جمع کروانے کی تاریخ سے ہوگا۔
- کاروبار کم از کم ۴ مہینوں تک فعال (آپریشنل) رہا ہو اور درخواست دیتے وقت بھی فعال ہو۔

**فرموں / کمپنیوں / ایس ایم سی / ایل ایل پی کے لئے رجسٹریشن کی ضرورت۔**

- درخواست گزار کے پاس کاروبار کا درست NTN ہونا ضروری ہے۔
- سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (SECP) یا رجسٹرار آف فرمز کے ساتھ رجسٹر ہونا ضروری ہے۔
- کاروبار کی عمر ایک سال سے زیادہ نہ ہو، کاروبار کی عمر کا تعین درخواست جمع کروانے کی تاریخ سے ہوگا۔
- کاروبار کم از کم ۴ مہینوں تک فعال (آپریشنل) رہا ہو اور درخواست دیتے وقت بھی فعال ہو۔

**نااہل درخواست گزار**

- وہ شخص جو کاروبار میں ملازم کی حیثیت سے کام کر رہا ہو یا اس کاروبار کی ملکیت کا حصہ نہ ہو۔
- ایک سپلائر/بزنس ڈویلپمنٹ سروس پرووائیڈر (بی ڈی ایس پی) جو کسی درخواست گزار ایس ایم ای کو پراڈکٹ/سروس فراہم کر رہا ہو خود اسی پراڈکٹ/سروس
- کے حصول کے لئے گرانٹ کا درخواست گزار نہیں بن سکتا-
- سپلائر/بی ڈی ایس پی درخواست گزار کا ملازم نہیں ہو سکتا۔
- سرکاری ملازمین، سمیڈا (بشمول پراجیکٹس) کا عملہ، ان کے قریبی رشتہ دار اور شریک حیات۔
- سرکاری ادارے۔
- غیر سرکاری تنظیمیں (این جی اوز) اور غیر منافع بخش تنظیمیں۔
- زراعت سے منسلک کاروبار۔

## یہ گرانٹ مندرجہ ذیل مقاصد کے لیئے استعمال کی جا سکتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| اشیا | مشینری اور آلات جو پیداوار/آپریشن کی انجام دہی کے لئے درکار ہوں۔<br>آلات جو پراڈکٹ ٹیسٹنگ/پراسس انسپکشن اور کوالٹی ٹیسٹنگ کے لئے ضروری ہوں۔ | دفتری آلات بشمول آئی سی ٹی آلات جو کاروباری امور کے لئے ضروری ہوں۔<br>کاروباری امور سرانجام دینے کے لئے فرنیچر اور فکسچرز۔ |
| | اشیا کی پیداوار کے لئے خام مال۔<br>تجارتی سرگرمیوں کے لئے سٹاک۔ | پروٹوٹائپنگ/پراڈکٹ ٹیسٹنگ فیس۔<br>سافٹ ویئر لائسنسنگ فیس۔ |
| خدمات | کاروبار سے متعلق سافٹ ویئر/خدمات۔<br>کسٹمر مینجمنٹ سافٹ ویئر کی خریداری۔ | ڈیجیٹل مارکیٹنگ وغیرہ کے لئے تھرڈ پارٹی کو ادائیگی۔<br>آن لائن موجودگی کے لئے ویب سائٹ، ویب اسٹور ڈویلپمنٹ۔ |

**اخراجات جن کے لئے گرانٹ فراہم نہیں کی جائے گی** روزمرہ کے کاروباری اخراجات، زمین کی خریداری، تزئین و آرائش یا براہ راست مالی امداد وغیرہ۔

## اہلیتی معیار کے تعین کا طریق کار

گرانٹس کی پراسینگ پنجاب، سندھ، خیبر پختونخواہ، بلوچستان، اسلام آباد، آزاد جموں کشمیر اور گلگت بلتستان سے "پہلے آیئے، پہلے پایئے" کی بنیاد پر اُس کوٹہ سسٹم کے تحت کی جائے گی جس کا تعین 2017 میں کیئے گئے آبادی کے سروے کے مطابق ہو چکا ہے۔ اس مقصد کے لئے مندرجہ ذیل اہلیتی نکات کو مدنظر رکھتے ہوئے پاسنگ مارکس حاصل کرنے والے درخواست گزاروں کو گرانٹس دی جائیں گی:

| ا | ب | ج |
|---|---|---|
| درخواست گزار کا ذاتی پروفائل | کاروبار کا پروفائل | گرانٹ کے متوقع فوائد |

مندرجہ بالا اہلیتی معیاروں کے ساتھ خواتین، معذور افراد، اقلیتی درخواست گزاروں اور کم ترقی یافتہ اضلاع (ہیومن ڈویلپمنٹ انڈیکس رپورٹ کے مطابق) آئی ٹی، فوڈ پراسینگ اور سیاحت سے تعلق رکھنے والے درخواست گزاروں کو اضافی نمبر دیئے جائیں گے۔

**نوٹ**

- سمیڈا/این بی ڈی پی درخواستوں اور ان کی پراسینگ کے لئے کوئی فیس وصول نہیں کر رہا۔
- یہ گرانٹ درکار خدمات کے حصول کے بعد اصل اخراجات کے مطابق ادا کی جائے گی اور اس سلسلے میں کوئی رقم پیشگی/ایڈوانس کی صورت میں نہیں دی جائے گی۔
- گرانٹ کی رقم بنکوں کے توسط سے متعلقہ ایس ایم ای کے بزنس اکاونٹ میں جمع کروائی جائے گی، لہٰذا، کاروبار کا ایک فعال بینک اکاونٹ ہونا لازم ہے۔
- این بی ڈی پی سے منظور شدہ گرانٹ کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ درخواست گزار اپنے سپلائر کو پراڈکٹ/سروس کے عوض ادائیگی چیک یا
- بنک ڈرافٹ کے ذریعے کرے۔ نقد رقم یا کسی دوسرے غیر رسمی ذرائع سے کی گئی ادائیگی قبول نہیں کی جائے گی۔

# گرانٹ پراسیس کی مرحلہ وار رہنمائی

## مرحلہ 1 آن لائن درخواست جمع کروانا

- گرانٹ کی درخواست صرف اس https://nbdp.org.pk/nbdp_grants.php پر جمع کروائی جا سکتی ہے۔ درخواستیں دیگر ذرائع مثلاً ڈاک/کوریئر، فیکس یا ای میل وغیرہ کے ذریعے قابل قبول نہ ہوں گی۔
- درخواست گزار گرانٹ کی درخواست دینے کے لئے پہلے اپنا Login بنائے گا۔
- Login شناختی کارڈ کا نمبر، شناختی کارڈ کے مطابق مکمل نام، درست ای میل ایڈریس اور 8 حروف پر مشتمل پاس ورڈ فراہم کرکے بنایا جاسکتا ہے۔
- درخواست کے لئے شناختی کارڈ کو منفرد شناختی نمبر کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔
- سائن اپ (Sign up) ہونے کے بعد سسٹم دیئے گئے ای میل ایڈریس پر تصدیقی لنک بھیجے گا۔ درخواست دہندہ سسٹم پر صرف ای میل کے تصدیقی عمل کے بعد ہی Login ہونے کے قابل ہو گا۔
- درخواست دہندہ سسٹم میں شناختی کارڈ نمبر اور پاس ورڈ (Password) استعمال کر کے Login ہو گا۔
- درخواست دہندہ درخواست کے جمع ہونے کی کامیابی کے لئے آن لائن ایپلی کیشن فارم کے تمام ضروری حصوں کو مکمل کرے گا۔
- درخواست دہندہ کے پاس درخواست کے حتمی اندراج تک پُر کی گئی معلومات/مختلف حصوں اور درخواست کا مکمل جائزہ لینے کی سہولت موجود ہو گی۔
- حتمی اندراج کے بعد، درخواست فارم میں مزید اضافے یا تبدیلی کی اجازت نہ ہو گی۔ اسی لئے درخواست دہندگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ فارم کو حتمی طور پر جمع کروانے سے پہلے اس کا احتیاط سے جائزہ لے لیں۔
- کسی بھی رہنمائی اور معاونت کے لئے درخواست دہندگان سمیڈا اور این بی ڈی پی کے علاقائی دفاتر اور helpdesks سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ریجنل بزنس سنٹرز اور ہیلپ ڈیسک کی تفصیلات ویب سائٹ www.smeda.org.pk & www.nbdp.org.pk پر دستیاب ہیں۔
- مزید تفصیلات اور معاونت کے لئے درخواست دہندگان ایس ایم ای بزنس ہیلپ لائن 042-111-763-111 (پیر تا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک) یا ای میل grants@nbdp.org.pk پر رابطہ کر سکتے ہیں۔
- NTN موجود نہ ہونے کی صورت میں آپ FBR کے مندرجہ ذیل لنک پر جا کر NTN نمبر حاصل کر سکتے ہیں
www.fbr.gov.pk/categ/register-income-tax/61149/30846/51147

درخواست دہندگان درخواست فارم پُر کرنے کا عمل شروع کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل دستاویزات کی سکین کی گئی نقول ضرور ساتھ رکھیں۔

| سیریل نمبر | آن لائن درخواست سیکشن | درکار دستاویزات/معلومات |
|---|---|---|
| 1 | درخواست گزار کی معلومات | ■ شناختی کارڈ کی سکین شدہ کاپی (سامنے اور پشت سے)<br>■ درخواست گزار کی پاسپورٹ سائز تصاویر (اسال سے زیادہ پرانی نہ ہوں)<br>■ پیشہ وارانہ رکنیت کے سرٹیفکیٹ (اگر قابل اطلاق ہو)<br>■ معذوری سرٹیفکیٹ (معذور درخواست گزاروں کے لئے<br>■ تعلیمی اسناد/سرٹیفکیٹ |
| 2 | کاروبار کی معلومات | ■ کاروبار کے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی سکین شدہ کاپی<br>■ متعلقہ سرکاری ادارے میں رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی سکین شدہ کاپی (اگر قابل اطلاق ہو)<br>■ ایس ای سی پی/رجسٹرار آف فرمز میں رجسٹریشن کی سکین شدہ کاپی۔ (صرف پارٹنرشپ اور پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیز کے لئے)<br>■ برآمدی ثبوت (گڈز ڈیکلیریشن یا سیلز ٹیکس ریٹرن صرف برآمد کنندگان کے لئے)<br>■ چیمبر آف کامرس/ایسوسی ایشن کی رکنیت (اگر موجود ہو)<br>■ کوالٹی یا دیگر سرٹیفکیشن (اگر موجود ہو)<br>■ مالیاتی معلومات یعنی کہ انکم سٹیٹمنٹ/بیلنس شیٹ، درخواست فارم میں فراہم کردہ فارمیٹ کے مطابق۔<br>■ کاروبار کا بینک اکاؤنٹ مینٹیننس سرٹیفکیٹ |
| 3 | گرانٹ کی معلومات | درج ذیل شرائط کے حامل 3 عدد بی ڈی ایس پی/سپلائرز سے درکار اشیا/خدمات کے حصول کے لئے حاصل کردہ کوٹیشنز<br>■ درست NTN رکھتے ہوں۔<br>■ درخواست گزار کے ملازم نہ ہوں۔<br>■ درخواست دہندہ کے رشتہ دار نہ ہوں۔<br>■ اس گرانٹ کے لئے درخواست گزار نہ ہو۔<br>■ گرانٹ پروگرام کے لئے درکار تمام دستاویزی تقاضوں کو پورا کرنے پر رضامند ہوں۔<br>■ حاصل کی گئی کوٹیشن کی کم از کم معیاد 180 دن تک ہوں۔ |

## مرحلہ 2 کوائف کی تصدیق بذریعہ فیلڈ وزٹ

درخواست کی درجہ بندی کے عمل کے دوران این بی ڈی پی کا نمائندہ درخواست دہندہ کے فارم میں فراہم کردہ معلومات کی تصدیق کے لئے دیئے گئے کاروباری پتہ کا دورہ کرے گا۔ دورے کا مقصد درخواست فارم میں فراہم کردہ پتہ اور دستاویزات/معلومات کی تصدیق کرنا ہے۔ لہٰذا فیلڈ وزٹ کے دوران درخواست گزار کی موجودگی ضروری ہے۔ ناگزیر حالات کی صورت میں ایک استثنا حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اس کے لئے سمیڈا/این بی ڈی پی سے پیشگی اجازت لینا ضروری ہے۔

مندرجہ ذیل معلومات/اصل دستاویزات تصدیقی افسر کو دکھانے کے لئے درخواست دہندہ کا موقع پر موجود ہونا ضروری ہیں۔

| سیریل نمبر | فیلڈ کی تصدیق | درکار دستاویزات/معلومات |
|---|---|---|
| 1 | پتہ کی تصدیق | کاروبار کا پتہ درخواست فارم میں درج کئے گئے پتہ کے مطابق ہونا چاہیے |
| 2 | دستاویزات کی تصدیق | ■ درخواست گزار کا اصل شناختی کارڈ<br>■ کاروبار کا این ٹی این سرٹیفکیٹ<br>■ کاروبار کی رجسٹریشن کی دستاویزات:<br>متعلقہ سرکاری ادارے سے حاصل شدہ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جیسے شراکت داری کا معاہدہ/ایس ای سی پی رجسٹریشن/رجسٹرار آف فرمز سرٹیفکیٹ وغیرہ۔<br>■ ملکیت/کاروباری عمارت کے کرائے کی دستاویزات<br>■ کم از کم 4 ماہ کے یوٹیلٹی بل (بجلی/فون/گیس)، فروخت/خریداری کی رسیدیں، مخصوص مدت کے معاہدے، عملے کی حاضری کا ریکارڈ وغیرہ۔<br>■ اصل اسناد/سرٹیفکیٹ<br>■ سپلائرز/بی ڈی ایس پی سے حاصل کردہ تین اوریجنل کوٹیشنز<br>■ چیمبر آف کامرس/ایسوسی ایشن کا رکنیت سرٹیفکیٹ (اگر موجود ہو)<br>■ کاروبار سے متعلق، اگر درخواست فارم میں اشارہ کیا گیا ہو۔<br>■ معذوری سرٹیفکیٹ (معذور درخواست گزار کے لئے)<br>■ پیشہ وارانہ رکنیت سرٹیفکیٹ (اگر قابل اطلاق ہو)<br>■ برآمدی ثبوت (اگر قابل اطلاق ہو)<br>■ فیلڈ ویریفائر کی طرف سے طلب کی گئی متبادل دستاویزات جو کہ درخواست گزار کی فراہم کردہ معلومات یا کاروبار کی عمر/آپریشنل حیثیت کے تعین میں مددگار ثابت ہو سکیں۔ |

## مرحلہ 3 درخواست دہندہ کا انٹرویو

کامیاب فیلڈ ویریفکیشن وزٹ کے بعد، درخواست گزار کو گرانٹ کے حصول کی خاطر انٹرویو کے لئے حاضر ہونا ضروری ہے۔ انٹرویو کا مقصد درخواست دہندہ کی گرانٹ کی ضرورت کا اندازہ لگانا ہے۔ انٹرویو کی تاریخ اور مقام کی تفصیلات این بی ڈی پی / سمیڈا کی طرف سے درخواست گزار کو فراہم کر دی جائیں گی۔

## مرحلہ 4 گرانٹ منظوری کی معلومات

درخواست پر فیصلے سے متعلق آگاہی کے لئے درخواست گزار کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر سمیڈا/این بی ڈی پی کے رجسٹرڈ ای میل کے ذریعے رابطہ کیا جائے گا۔ گرانٹ منظور ہونے کی صورت میں مطلوبہ دستاویزات بھی بھجوا دی جائیں گی۔

**نوٹ:** برائے مہربانی grants@nbdp.org.pk کو اپنے کونٹیکٹ لسٹ میں شامل کر لیں تاکہ سمیڈا/این بی ڈی پی کی طرف سے بھیجی جانے والی ای میلز spam فولڈر میں نہ چلی جائیں۔

## مرحلہ 5 انٹرپرینیورشپ ڈویلپمنٹ ٹریننگ (EDT) پروگرام۔

کامیاب درخواست گزار کو گرانٹ منظوری کے فیصلے کی اطلاع کے بعد انٹرپرینیور شپ ڈویلپمنٹ ٹریننگ مکمل کرنا ہوگی۔ پروگرام کی تاریخ/مقام اور دورانیہ این بی ڈی پی/سمیڈا کی طرف سے گرانٹی کو بتادیا جائے گا۔ ٹریننگ کی کامیاب تکمیل کے بعد گرانٹی کو لیٹر آف انٹینٹ (LOI) جاری کیا جائے گا۔

## مرحلہ 6 پراڈکٹ / سروس کا حصول

لیٹر آف انٹینٹ (LOI) کی شرائط تسلیم کرنے کے بعد گرانٹی NBDP کے ساتھ گرانٹ معاہدے پر دستخط کرے گا۔ اس کے علاوہ گرانٹی مطلوبہ پراڈکٹ/سروس کے حصول کے لئے سب سے کم ترین قیمت کی کوٹیشن فراہم کرنے والے منظور شدہ سپلائر سے بھی رابطہ کرے گا۔ خدمات/سروس کے حصول کی صورت میں گرانٹی منظور شدہ سپلائر سے ایک معاہدے پر دستخط کرے گا جس میں سروس کی ضروری معلومات اور ترسیل کی تکمیل کا دورانیہ شامل ہوگا۔ سامان/پراڈکٹ یعنی خام مال، آئی سی ٹی آلات، مشینری یا اسٹاک وغیرہ کے حصول کی صورت میں گرانٹی کو منظور شدہ سپلائر کے ساتھ الگ معاہدہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی بلکہ سپلائر کی پہلے سے فراہم کردہ کوٹیشن کو گرانٹی اور سپلائر کے درمیان سامان کی فراہمی کے لیے معاہدہ تصور کیا جائے گا۔ مطلوبہ معاہدوں کے ٹیمپلیٹ NBDP کی طرف سے فراہم کردیئے جائیں گے، جنہیں گرانٹی نے کم از کم 200 روپے والے سٹامپ پیپرز (فی معاہدہ) پرنٹ کروانا ہوگا۔ سٹیمپ پیپرز کی قیمت گرانٹی کو ادا کرنی ہوگی۔

## مرحلہ 7 معاوضہ کی درخواست

پراڈکٹ/خدمات کی تسلی بخش ترسیل پر گرانٹی، سپلائر کا مکمل معاوضہ اپنے بینک کے ذریعے سپلائر کے بینک اکاؤنٹ میں ادا کرے گا اور اس کی اطلاع پروجیکٹ مینجمنٹ کو دے گا۔

**نوٹ:** مکمل معاوضہ میں طے شدہ شرائط کے مطابق گرانٹی کا اپنا حصہ بھی شامل ہوگا۔

## مرحلہ 8 پوسٹ ڈیلیوری ویریفیکیشن وزٹ

این بی ڈی پی کا نمائندہ کاروباری مقام کا دورہ کرے گا تاکہ اشیاء کے حصول/ترسیل کی تصدیق کی جاسکے۔ اگر نمائندہ تصدیق سے مطمئن ہے تو، گرانٹی سے کہا جائے گا کہ وہ ادائیگی کا دعویٰ مندرجہ ذیل دستاویزات کے ساتھ بھیجے۔

| سیریل نمبر | معلومات کی نوعیت | مندرجات |
|---|---|---|
| 1 | کامیاب سروس/پراڈکٹ ڈیلیوری کا سرٹیفکیٹ۔ | گرانٹی کو مطلوبہ فارمیٹ پر اطمینان بخش سروس ڈیلیوری سرٹیفکیٹ جمع کرانے کی ضرورت ہوگی۔ |
| 2 | پروڈکٹ/سروس انوائس۔ | اصل انوائس۔ |
| 3 | ادائیگی کا ثبوت * | آن لائن بینکنگ ٹرانزیکشن/پے آرڈر کے ذریعے سپلائر کو ادائیگی کا ثبوت۔<br>* نقد ادائیگی یا کوئی اور غیر رسمی طریقہ کار قابل قبول نہیں ہے۔ |
| 4 | گرانٹی اور سپلائر کا معاہدہ | گرانٹی اور سپلائر کے درمیان اصل تحریری معاہدہ جمع کروانا۔ |
| 5 | فراہمی کا ثبوت۔ | اگر قابل اطلاق ہو تو حتمی ڈیلیوریبل کی کاپی۔ |

مطلوبہ دستاویزات کی اسکین شدہ کاپی گرانٹ لاگ ان کے ذریعے گرانٹ پورٹل پر اپ لوڈ کی جاسکتی ہے۔ مذکورہ بالا تمام دستاویزات درج ذیل معلومات کے ساتھ رجسٹرڈ پوسٹ / کوریئر کے ذریعے سروس ڈیلیوری کی تکمیل کے فوراً بعد این بی ڈی پی کو بھیجی جائیں گی۔

3rd فلور، بلڈنگ نمبر 3 ، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور 54000 (042) 111-111-456


## مرحلہ 9 بینک کے ذریعے گرانٹ کی رقم کی وصولی

باضابطہ طور پر مکمل کی گئی درخواست وصول ہونے پر این بی ڈی پی ضروری جانچ پڑتال کے بعد گرانٹ کی رقم جاری کردے گا جو درخواست گزار کی طرف سے فراہم کردہ کاروباری بنک اکاؤنٹ میں ادا کی جائے گی۔

## مرحلہ 10 گرانٹ کے ثمرات / فوائد کے متعلق معلومات کی فراہمی

گرانٹ کی ادائیگی ہونے کے بعد، گرانٹی کو وقتاً فوقتاً این بی ڈی پی / سمیڈا ٹیم سے گرانٹ کے استعمال سے حاصل شدہ فوائد و ثمرات کے متعلق معلومات فون، ای میل یا وزٹ کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

## نوٹ

اگر یہ کسی بھی پر معلوم / ظاہر ہوا کہ درخواست دہندہ / گرانٹ لینے والے نے درخواست کی پراسیسنگ / گرانٹ کی تقسیم کے دوران گرانٹ ایوارڈ کے عمل پر اثر انداز ہونے کی کوشش ہے یا غلط بیانی کی ہے یا فنڈز کے غلط استعمال میں ملوث پایا گیا ہے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق تادیبی کارروائی کی جاسکتی ہے۔

## شکایات

گرانٹ کے فیصلے کے متعلق شکایات گرانٹ پورٹل کے ذریعے آن لائن جمع کروائی جاسکتی ہیں۔

## نیشنل بزنس ڈویلپمنٹ پروگرام برائے ایس ایم ایز (این بی ڈی پی)

نیشنل بزنس ڈویلپمنٹ پروگرام میں ایس ایم ایز کیلئے کاروبار کے اجرا اور اس کی کامیابی کو یقینی بنانے سے متعلق مددگار اقدامات (بزنس ڈویلپمنٹ سروسز) فراہم کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے جو مندرجہ ذیل حصوں پر مشتمل ہے:

ا) ایس ایم ایز کیلئے چھوٹے کاروبار کے اجرائ، تنظیمی ترقی، مارکیٹنگ، تحقیق و ترقی، پراڈکٹ ٹیسٹنگ و سرٹیفکیشن اور قرضوں کے حصول کی اہلیت جانچنے سے متعلق گرانٹس کی فراہمی۔ یہ گرانٹ معیشت کے تمام شعبوں میں موجود ایس ایم ایز کے لئے دستیاب ہوں گی، ماسوائے ایگریکلچر اور فارمنگ۔

ب) کاروبار سے متعلق ہر قسم کی معلومات کی فراہمی جو سمیڈا کے تحت ملک بھر میں قائم ہیلپ ڈیسک اور ایس ایم ای بزنس ہیلپ لائن پر میسر ہوں گی۔

ج) تیار شدہ طباعتی مواد کی فراہمی، جیسا کہ فیزیبلٹی سٹڈیز، بزنس مینجمنٹ سے مخصوص معلوماتی اختصاریے، سیکٹر سٹڈیز، کمرشل رابطے، قانونی دستاویزات کے نمونے اور ریگولیٹری پروسیجرز۔

د) ہیومن ریسورس، مارکیٹنگ، مینجمنٹ، ٹیکنالوجی اور ریگولیٹری معاملات کے حوالے سے ایس ایم ایز کی تعمیری استعداد کیلئے ان کی ضرورت کے مطابق تربیتی پروگراموں کا انعقاد۔

ر) کنسلٹنٹس، ماہرین اور تربیت کاروں کی نشاندہی اور ان کی نیٹ ورکنگ تاکہ ایس ایم ای سیکٹر کے لئے ان کی خدمات کو زیادہ کارآمد بنایا جاسکے اور دریں اثناء بزنس ڈیلپمنٹ سرویز فعال اور موثر شکل اختیار کرسکے۔

س) بزنس انکیوبیشن سنٹرز کی تشکیل سے نوجوانوں میں اپنا کاروبار کرنے کے رجحان کو فروغ دیا جائے۔ اس ضمن میں پہلے سے بزنس انکیوبیشن سنٹرز چلانے اور نئے سنٹرز بنانے کے خواہشمند تعلیمی اداروں اور یونیورسٹیوں کو بھی گرانٹس فراہم کی جائیں گی۔

ص) ایس ایم ای سیکٹر میں پالیسی سازی، ایجادات، ویلیو ایڈیشن اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے بنیادی تحقیق کی ترویج۔

National Business Development Program for SMEs

SMEDA


042-111-763-111

3rd Floor, Building #3, Aiwan-E-Iqbal complex, Egerton road Lahore.

grants@nbdp.org.pk

www.nbdp.org.pk | www.smeda.org.pk

Follow us NBDPPakistan | NBDPofficial | NBDPofficial | NBDP | NBDP